© rasailojaraid.com



**قرآن کی باتیں** مصنّف: سیّد نظر زیدی - تقسیم کنندہ: ادارہ معارف اسلامی منصورہ، لاہور - ضخامت: ۹۶ صفحات - قیمت: ۱۸/ روپے۔

قرآن کی باتیں حصّہ دوم میرے سامنے ہے۔ اس میں مصنّف نے پیارے پیارے ننھے منّے بچوں کے لیے خوب صورت مہکتے مُسکراتے پھولوں کا ایک گلدستہ پیش کیا ہے، جس میں رنگا رنگ قسم کے پھول مختلف عنوانات کے تحت سجائے ہیں مثلاً آپس کی باتیں، بزرگوں کا ادب، جھوٹی گواہی دینا گناہ ہے، بُرا نام نہ رکھو، ہمیشہ اچھی بات کہو، سب مسلمان بھائی بھائی ہیں، نیک کاموں میں شرکت، سلام کرنا وغیرہ بچوں کے ادب میں ایک نہایت مفید اضافہ ہے۔ بچوں کو اچھے کاموں میں شرکت کرنی اور بُرے کاموں سے بچنا چاہیے۔ ایسے کاموں کے لیے یہ کتاب بہت اچھی کتاب ہے۔ (ع - و - ع)

---

**مغربی نظامِ تعلیم** از جناب پروفیسر سیّد محمد سلیم - ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق تنظیم اساتذہ پاکستان - صفحات: ۱۰۴ قیمت: ۲۵/ روپے

جناب پروفیسر سیّد محمد سلیم صاحب ایک اعلیٰ محقق اور ماہر تعلیم ہیں۔ فنِ تعلیم پر آپ کی ایک درجن سے زائد تصانیف موجود ہیں۔ زیرِ نظر کتابچہ ان کے دو مقالات کا مجموعہ ہے۔ یعنی "مغربی نظامِ تعلیم ملّی نقطۂ نظر سے" اور "ہمارا نظامِ تعلیم تاثرات و تجاویز"۔ ان مقالوں میں ہمارے ہاں کے جدید نظامِ تعلیم کے تاریخی پس منظر، اس کے اغراض و مقاصد اور اس کے نقائص و معائب پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ بالخصوص پاکستان کے تعلیمی تناظر میں مضامین، نصاب، طلبہ اور اساتذہ کے بارے میں ماہرانہ گفتگو کی گئی ہے۔ اصلاحِ احوال کے لیے مثبت تجاویز بھی شامل ہیں۔ (رفیق چوہدری)

---

© rasailojaraid.com